لینڈ ریفارمس (Land Reforms) کے بارے میں مجھے کچھ عرض کرنا ہے ۔ میں اسکی تفصیلات میں جانا نہیں چاہتا ۔ اس سے پہلے بھی میں نے راج پرمکھ کے اڈریس کے سلسلے میں اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے ۔ آنریبل چیف منسٹر نے کل ہی ایک صحافتی بیان میں یہ کہا ہے کہ اس کی وجہ سے بھی ریاست حیدرآباد میں بہت بڑی تبدیلی آنے والی ہے ۔ انہوں نے کہا کہ ۱۲۰۱۰ لاکھ ایکر زمین کسانوں کو مل سکیگی ۔ لیکن مجھے یہ کہنا ہے کہ انہی کے کابینہ کے ایک دوسرے منسٹر نے کہا کہ اس سے تین لاکھ ایکر زمین حاصل ہوسکے گی ۔ میں پوچھتا ہوں کیا آنریبل چیف منسٹر کا کہنا صحیح سمجھا جائے یا دوسرے آنریبل منسٹر کا ؟ میرے تحت کوئی اسٹیاٹسٹکل ڈپارٹمنٹ نہیں ہے ۔ میں تو سمجھتا ہوں منسٹر صاحب نے جو (۳) لاکھ ایکر حاصل ہونے کے بارے میں کہا وہ بھی نہیں مل سکینگے ۔ اس کے لئے تین سالہ مدت رکھی گئی ہے ۔ اس مدت میں لینڈ کمیشن (Land Commission) کہاں کہاں جا کر حالات سے واقف ہوگا ، یہ مجھے پتہ نہیں ۔ آنریبل چیف منسٹر نے فرمایا کہ (۲۲) ہزار دیہات ہیں ۔ ایک لینڈ کمیشن ان دیہاتوں کیلئے کتنا وقت لیگا ؟ گرایجوالزم (Gradualism) اس کانگریسی حکومت کی پالیسی ہے ۔ اس کے تحت میں سمجھتا ہوں زمین کا ایک ٹکڑا بھی نہیں ملنے والا ہے ۔ یہ ڈھکوسلے کے طور پر کہتا ہے ۔ اس کے لئے کسی لینڈ کمیشن کی

ضرورت نہیں ہے - بنیادی طور پر اس سوال کو حل کیا جاسکتا ہے - سرپلس لینڈس (Surplus Lands) کے سوال کو آسانی سے حل کیا جاسکتا ہے - افسوس کہ اس طرف کوئی توجہ نہیں دیجاتی -

حکومت کی انڈسٹریل پالسی (Industrial policy) کی نسبت مجھے یہ افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ حکومت انڈسٹریز پر بہت کم خرچ کررہی ہے - اسکی وجہ سے ہمارے ریاست میں جو انڈسٹریز کا سوال ہے وہ بہ آسانی حل نہیں ہوگا - جو کارخانے بند ہورہے ہیں انکی وجہ سے بیروزگاری کا مسئلہ دن بدن بڑھتا ہی جارہا ہے - لیکن حکومت اس کے روک تھام کی کوشش نہیں کرتی - کہا جاتا ہے کہ بیروزگاروں کی تعداد دو لاکھ ہے - لیکن ماہرین کا خیال ہے کہ یہ تعداد پانچ لاکھ سے بارہ لاکھ تک ہے - اتنی بڑی بیروزگاری ہے - اسکو دور کرنے کیلئے حکومت کچھ نہیں کرتی - اسکے لئے بجٹ میں کوئی پراویژن نظر نہیں آتا - آعظم جاہی ملز اور عثمان شاہی ملز میں اگرچیکہ پروڈیوس بڑھا ہوا ہے لیکن اسکے ساتھ ساتھ مزدوروں پر کام کا بوجھ بھی زیادہ ہوگیا ہے - مزدوروں کی اصل اجرت میں کمی واقع ہورہی ہے - محض ایک دو ملز کو سامنے رکھ کر ایسے مسائل کو حل نہیں کیا جاسکتا بلکہ مجموعی طور پر کارخانوں کا پروڈکشن گرتا جارہا ہے .. مزدور بیروزگار ہورہے ہیں .. ڈپارٹمنٹس میں بڑے پیمانے پر ریٹرچمنٹ ہورہی ہے .. ہزاروں لوگ بیروزگار ہورہے ہیں . ان سب باتوں پر حکومت کو سنجیدگی کے ساتھ غور کرنا چاہئے .. یہاں جو نان ملکی موومنٹ (Non-mulki Movement) ہوا اوس کے پیچھے یہ خیال نہیں تھا کہ نان ملکز باہر کے ہیں بلکہ یہاں کی بیروزگاری اور پیٹ کا سوال تھا .. میں حکومت کو یہ وارننگ دینا چاہتا ہوں کہ اگر بیروزگاری کا سوال وقت پر حل نہیں کیا گیا تو یہ چنگاری بڑھ جائیگی اور زمینداروں اور سرمایہ داروں کا جو چوکھٹا ہے وہ ختم ہوکر رہ جائیگا - (Cheers)

میں یہ چیز سنجیدگی کے ساتھ ہاؤس میں رکھنا چاہتا ہوں کہ پرانے چوکھٹے کو تبدیل کرنے کی ضرورت ہے - جو ہمارے وزیر آعظم پنڈت جواہر لال نہرو نے کہا تھا کہ ہندوستان کا مقابلہ روس کے ساتھ نہ کیا جائے بلکہ چین کے ساتھ کیا جاسکتا ہے - میں کہنا چاہتا ہوں کہ اگر حکومت اپنے بجٹ کا مقابلہ چین کے بجٹ سے کرے تو معلوم ہوگا کہ چین میں جو پبلک سکٹر (Public Sector) ہے اور بڑے بڑے کارخانے ہیں ان سے ہی زیادہ انکم حاصل ہوتی ہے - کسانوں سے جو آمدنی ہوتی ہے اوس کا پرسنٹیج بہت کم ہے اس لئے ہم کو چاہئے کہ صنعتوں کو زیادہ سے زیادہ ترقی دیں - اوس سے ہم کو زیادہ ٹیکسس بھی وصول ہوسکتے ہیں - چین میں پچاس فی صد سے زیادہ خرچ نیشن بلڈنگ ڈپارٹمنٹس (Nation Building Departments) پر کیا جاتا ہے - میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ چین کیوں ایسا کرسکتا ہے اور ہم کیوں ایسا نہیں کرسکتے ؟ آج ہر جگہ کانگریس پارٹی کی سیجارٹی ہے اور ہندوستان کے اندر کوئی ایسی طاقت نہیں ہے جو کانگریسی حکومت کے پروگرام میں رکاوٹ ڈال سکے - اس لئے اگر حکومت چاہتی

ہے تو اس سلسلہ میں زیادہ ترقی کرسکتی ہے۔ ٹریزری بنچس نے زمینداروں اور سرمایہ داروں کو ختم کرنے کے جو وعدے کئے تھے اگر وہ پورا کرنا چاہیں تو اس وقت کوئی ایسی پارٹی نہیں ہے جو حکومت کے راستے میں کھڑی ہوجائے۔ راج پرمکھ کے اڈریس میں کہا گیا ہے کہ حکومت چاہتی ہے کہ اپوزیشن کے ممبرس بھی حکومت سے کوآپریشن کریں۔ میں اس ایوان میں یہ ظاہر کرنا چاہتا ہوں کہ اگر اوس بنیادی پالیسی کو لیکر جو کراچی ریزولیوشن میں رکھی گئی کہ کسی کی تنخواہ پانچ سو سے زیادہ نہ ہو اور جو پالیسی فیض پور کانگریس سشن میں رکھی گئی کہ غریب کسانوں پر ٹیکس نہ لگایا جائیگا اور بیرونی سرمایہ پر قیود عائد کئے جائینگے، ان پالسیز کو لیکر حکومتی پارٹی آگے بڑھیگی تو ہم بھی اس سے کوآپریشن کرینگے۔ اگر اس طرح حکومت کی پارٹی آگے بڑھیگی تو کوئی طاقت ایسی نہیں کہ اس کو روک سکے۔ لیکن مجھے یہ کہنا پڑتا ہے کہ آج کی کانگریسی حکومت میں تبدیلی آگئی ہے۔ اون لوگوں کی ذہنیت میں تبدیلی ہوگئی ہے لیڈر شپ میں تبدیلی ہوگئی ہے۔ اون کے تخیل میں تبدیلی ہوگئی ہے۔ اب چند مٹھی بھر سرمایہ داروں زمینداروں، جاگیرداروں اور رئیسوں کو ہندوستان میں قائم رکھنے کے لئے کانگریس پارٹی کونسس کررہی ہے جسکی وجہ سے ملک میں دن بہ دن کرائسس بڑھ رہا ہے۔ مجھے یہ کہنا پڑیگا کہ جب تک اس پالیسی کو قائم رکھا جائیگا اور جب تک یہ پرانا ڈھانچہ ختم نہ کیا جائیگا مسائل حل نہیں ہونگے۔ میرے دوست آنریبل منسٹر فار فینانس نے جو خیالات ظاہر کئے ہیں اون کے متعلق میں یہ کہونگا کہ وہ ایک آنسٹ ( ) آدمی ہیں۔ ایک زمانہ میں مجھے ان کے ساتھ کام کرنے کا موقع ملا۔ ان کی سنیارٹی پر کوئی شک نہیں۔ لیکن پھر مجھے ادباً یہ عرض کرنا پڑیگا کہ اس چوکھٹے کو تبدیل کیا جاسکتا ہے جو اسٹیٹس کو(Status quo) ہے۔ جب تک ہم ایسا نہیں کرینگے عوام کے سوالوں کو حل نہیں کیا جاسکیگا۔ میں نے ہاؤس کے سامنے جو خیالات رکھے ہیں اونکی بناء پر مجھے امید تو نہیں کہ رولنگ پارٹی میں کوئی تبدیلی ہوجائیگی لیکن یہ امید ضرور ہے کہ میرے وچاروں پر غور کیا جائیگا۔ میں نے ایمانداری کے ساتھ اپنے خیالات کو ہاؤس کے سامنے رکھنے کی کوشش کی ہے۔ میں امید کرتا ہوں کہ عوامی مسائل کو حل کرنے کیلئے ان چیزوں پر غور کیا جائیگا۔ ہمارے سامنے اس وقت کئی سوالات ہیں۔ کسان، مزدوروں کے سوالات، متوسط طبقہ کے سوالات، بیوپاریوں کے سوالات، کارخانوں کے سوالات شیڈولڈ کاسٹس اور ٹرائبس کے مسائل اور پولیس ایکشن کے بعد جن لوگوں کو نقصان پہنچا ہے اون کے مسائل وغیرہ۔ اگر ان تمام مسائل کو حل کرنا ہے تو ہمیں اس پرانے چوکھٹے میں بنیادی تبدیلی کرنے کی ضرورت ہے۔ اگر حکومت ان مسائل کو حل کرنے کے لئے تیار ہے تو یہ مسائل ضرور حل ہوسکتے ہیں۔ ان خیالات کو ہاؤس کے سامنے رکھنے کے بعد میں پھر ایک مرتبہ یہ کہنا چاہتا ہوں کہ جو بجٹ ہمارے سامنے پیش کیا گیا ہے اس میں زمینداروں اور جاگیرداروں کا پرانا چوکھٹا قائم رکھا گیا ہے۔ جب تک اون کو دور نہ کیا جائے اور جب تک اس اسٹیٹس کو (Status quo) بجٹ میں تبدیلی نہ کی جائے ہم عوام کے سوالوں کو حل نہ کرسکینگے۔

श्री. अण्णाजीराव गव्हाणे :—मिस्टर स्पीकर सर, आनरेबल मिनिस्टर फार फाअीनान्स ने जो बजेट हाअूस के सामने पेश किया है और खास तौर पर जो स्पीच अुन्होंने हाअूस के सामने की है अुसमे अुन्होंने कुछ खास बातो को बताने की कोशिश की है। अुन्होने अेक तरफ कहा है कि पिछले साल के मुकाबले मे अिस साल हमारी फाअिनान्शिअल पोजिशन (Financial Position) साअूड (Sound) है। वे बजट स्पीच के आखरी पेज पर कहते है कि—

'The financial position of the State is, on the whole sound. The Govt. of India are also doing everything possible to help us, but the prosperity of our people, in the ultimate analysis, depends on our own efforts to the extent of leading a life of austerity and to save and lend to Government.'

अुन्होने आखिर मे अिस जुमले के साथ यह भी कहा है कि गये साल जो दिक्कतें हम महसूस करतेथे वे दिक्कतें अिस साल नही हैं और जो मायूसी गय साल हमें हुवी थी वह अिस साल नहीं है। लेकिन सफा ५३ पर कनक्ल्युजन (Conclusion) मे वे कहते है—

'More than any one in this House, I am fully aware that neither the budget for the current year nor that for the ensuing year fulfills the needs and demands of the people to the extent we would all like them to be fulfilled. The crying needs of the people for better and more food, clothing and shelter, and the urgent necessity to arrest the distressing spectacle of growing unemployment are all well-known to you and me. But we cannot at the same time lose sight of the serious limitations that stand in the way.'

अेक तरफ अुन्होने जरूर कहा कि हमारी फाअीनान्शिअल पोजीशन साअूंड है। लेकिन लोगों के जो मसायल हैं जिनको हल करने की जरूरत है। अुनका जिक्र करते हुअे वे कहते है कि हमारा यह बजट खास तौर से अुन मसायल को हल करने के लिये काफी नहीं है अुनकी जरूरियात पूरी करने के लिये काफी नहीं है। कुछ सीरियस लिमिटेशन्स (Serious limitations) जिनकी वजेह से जनता की जरूरियात को हम पूरा नहीं कर सकते और अुनके मसायल को पूरे तौर पर हल नहीं करसकेंगे। मोजूदा बजट पर गौर करने के बाद गोकि अेक चीज जाहिर करने की नुमायां तौर पर कोशिश कीअे गअी है कि हमने अिस बजट मे पोलिस अेक्सपेंडीचर (Expenditure) पर कम से कम ६३ लाखरुपये की कमी की है। चूंकी गुजिश्ता मौके पर खासतौरसे पोलिस डिपार्टमेंट (Department) पर हाअूस के मेंबरान ने खर्च को घटाने के बारे मे काफी चर्चा की थी अिसलिये मुमकिन है कि जैसा कि आनरेबल चीफ मिनिस्टर साहब ने राजप्रमुख के अॅड्रेस के सिलसिले मे जो जवाबी तकरीर मे कहा था कि हम अपोजिशन के मेंबरान जो कुछ कहते हैं अुसका कुछ असर लेते है अिसका भी अुन पर कुछ असर हुआ हो लेकिन गुजश्ता साल और अिस साल के बजेट अेस्टीमेट्स (Estimates) को देखा जाय तो, जैसा कि लीडर आफ अपोजीशन ने कहा, जियादा फर्क नजर नहीं आता। क्योंकि गुजिश्ता साल ३८ करोड ६९ लाख की रक्कम पोलिस बजेट के लिये रखी गअी थी और अिस साल अुस डिपार्टमेंट के लिये ३२ करोड ३२ लाख का प्राविजन रखा गया है। लेकिन गुजिश्ता साल अिसके

लिये जो रक्कम रखी गअी थी अुससे जियादा खर्च किया गया। अुसी तरह से डर मालूम होता है कि मुमकिन है की ला और आर्डर पर जैसा कि हर वक्त कहा जाता है जियादा खर्च करने की जरूरत है, गव्हर्नमेंट अिस साल भी कोअी कलॉमिटी (Calamity) अपनी तनजर या गलती की वजह से ला अँड आर्डर (Law and Order) ब्रेक (Break) करने की खुद सबब हो जाय और फिर यहां अिस हाअूस मे आकर कहो कि अिस वजह से हमे अिस साल भी बजेट मे अिस डिपार्टमेंट के लिये जो प्राविजन रखागया था अुससे जियादा खर्च करना पडा अुन्होने अपनी स्पीच (Speech) मे कहा कि गुजिश्ता साल हमने वाअिदा किया था कि तीन बटेलियन्स को हम कम करनेवाले है लेकिन ला अँड आर्डर को सुरक्षित रखने के लिये और खास तौर पर हैद्राबाद मे चूकी अबनार्मल कंडीशन्स (A normal conditions) पैदा हुअे अिसलिये हम सिर्फ अेक ही बटालियन को कम कर सके और हमे दो बटालियन्स को कायम रखना पडा। लेकिन किन वजूहात की बिना पर ये कंडीशन्स पैदा हुवे? किन वजूहात से हुकूमत की अिस पार्टी को गुन्हगार बनना पडा और अव्वाम की खूनखराबी का गव्हर्नमेंट को खुद सबब होना पडा? अिसके मुताल्लुक अगर बचाव किया जाय तो मै समझता हूं कि गव्हर्नमेंट को यह तसलीम करना पडेगा कि अुन्होंने जोअीस तरह से अव्वाम के लीडर की हैसीयत से पब्लिक की हुकूमत की हैसियत से काम करना चाहिये था नहीं किया अगर गव्हर्नमेंट पब्लिक के सामने आकर अुसकी क्या मागें हैं, स्टूडेंन्टस क्यों तहरीक कर रह अुन पर सबर के साथ गौर करती और समाधानसे अिन चीजों को हल करने की कोशिश करती तो हैद्राबाद मे यह नौबत नही आती। लेकिन अव्वाम या हुकूमत के अिन लीडरों के सामने अुस वक्त यह सवाल नहीं था। हुकूमत अिस पार्टी के हाथ में आने की वजह से वे अुस वक्त नशे में थे। स्टूडेंन्टस के जो रिप्रेजेंटेटिव हुकूमत के साथ बातचीत करने और मिलन के लिये गये थे अुनसे मिलने के लिये भी हमारे आनरेबल मिनिस्टर्स तैयार नहीं थे। स्टूडेन्टस पर पुलिस की जानिब से केनिंग और दूसरे मजालिम किये गये। अुनको रोकने के लिये फौरन कुछ स्टेप्स लेने की बजाय और खुद जाकर हालात देखने की बजाय पुलिस की जिस तरह से रिपोर्ट आअी अुसपर भरोसा रख कर जिस तरह से अेहकामात अुन्होने मागे ओ अुनको देती गअी और अब कहा जाता है कि ला अँड आर्डर को कायम रखने के लिये हमे दो बटालियन्स कायम रखना पडा और पोलीस पर जियादा खर्च करना पडा। अिस साल के बजट मे पुलिस विभाग के प्राविजन मे कुछ लाख रुपये की कमी की गअी है। और अिसी के कारण कहा जारहा है कि यह पुलिस बजट नहीं है। तो मै पूछना चाहता हूं कि क्या यह अव्वामी बजट है। मैं तो समझता हूं कि अिस बजट को किसी भी हालत मे अव्वामी बजट नही कहा जा सकता। गुजश्ता साल जो बजट हमारे सामने पेश किया गया था अुसीमे कुछ थोडी बहुत तबदीली करके सामने रखा गया है। कुछ दूसरे चंद मैदानमें अिजाफा करके यह कहा रहा है कि यह पोलिस बजट नहीं है। लेकिन जब डेवलपमेंट डिपार्टमेंट (Development Department) पर जियादा खर्च करने के लिये कहा जाता है तो हुकूमत हमसे कहती है कि हमारी आर्थिक स्थिती और मर्यादाओंको यानी फाअीनान्शिअल पोजीशन अँड अदर लिमिटेशन्स (Financial Position and other limitations) पहले देखीय और अुसके बाद आपको जो कुछ तलब करना हो वह करें। फाअिनान्शिअल पोजीशन (Financial Position) पर जरूर गौर करना चाहिये। अिस सिलसिले मे जैसा कि लीडर आफ दी अपोजीशन ने कुछ चीजें हाअुस के सामने पेश की है। मैभी कुछ चीजें अपनी नुक्तेनजरसे रखूंगा। सबसे पहली बात जो मै अिस सिलसिलेमे कहना चाहताहूंकी वह यह है कि राजप्रमुखको जो अितनी जियादा रक्कम हुकूमत देती है अुसको देने की कोअी जरूरत मैं महसूस

नहीं करता। अजिशन पार्टी के बारे मे हुकूमत की पार्टी के मेंबरान से यह हमेशा कहा जाता है कि जागीरदारों को और राजप्रमुख को जो रुपया दिया जाता है वह प्रतिपक्ष के मेंबरान की नजर मे खटकता है। लेकिन हम मजबूर हैं क्योंकि हम महसूस करते हैं कि राजप्रमुख को जो रक्कम दी जाती है अुसकी कोअी जरूरत नही है। अुसको यह रक्कम बिला वजह दी जाती है। हो सकता है कि अिसमे (Constitutional) का सवाल खडा होता हो। कान्स्टीटयूशन का हवाला देकर यह कहा जा सकता है कि जागीरदारों को और राजप्रमुख को यह रक्कम देने के लिये हुकूमत मजबूर है। लेकिन जहां तक कान्स्टीटयूशन का ताल्लुक है अुसमे कौनसी गुंजाअिश रखी गअी है, अुसको भी देखना चाहिय। अगर कान्स्टीटूयूशन के मुताबिक हमको यह माविजा राजप्रमुख और जागीरदारों को देना चाहिये तो मै कहूगा कि जितना माविजा हम आज दे रहे हैं अुतना देने की जरूरत नही है। कितना माविजा देना चाहिये अिसकी कोअी पाबंदी कान्स्टीटयूशन न हम पर नही रखी है। हम अिस माविजे मे काफी कमी कर सकते हैं। हम दो पाअी या तीन पाअी रुपये के पीछे माविजा देने को मुताल्लुक तय कर सकते हैं। हम पर यह पाबंदी नहीं है कि राजप्रमुख को ५३ लाख रुपये और जागीरदारों को ९३ लाख रुपये हम माविजेके तौर पर देते रहें। कान्स्टीटयूशन मे यह नहीं कहा गया है कि अितना ही माविजा दिया जाना चाहिये। कान्स्टीटयूशन मे सिर्फ अितना ही कहा गया है कि अगर किसी की प्रापर्टी हो और अगर अुसके कुछ राअीटस हैं तो अुसको कुछ माविजा देना चाहिये। अगर अिस बात को ट्रेझरी बेंचेस सही मानों मे तसलीम करते हैं और सचमुच अव्वाम की भलाअी करना चाहते हैं तो दो करोड रुपया जो बिला वजह खर्च हो रहा है अुसको हमे कम करना चाहिये। अिस माविजे को हमे रिवाअीज करना चाहिये। हर वक्त हमारे सामने फाअिनान्शिअल पोजीशन खराब होनें की बात कही जाती है। अगर यह पोजिशन ठीक करना हो तो माविजे मे कमी की जानी चाहिये। हुकूमत कहती है कि हमारी फाअिनान्शिअल पोजीशन साअुंड हो गअी है। फिर मै पूछना चाहता हूं कि नेशन बिल्डिग डिपार्टमेंटस (Nation Building Departments) पर हुकूमत ने कितना खर्च किया है। जैसा कि लीडर आफ दी अपोजिशन ने बताया, सिर्फ ३९ लाख रुपया ही अिस पर खर्च किया जाता है। क्या सिर्फ अितनी रक्कम से अव्वाम के मसायल हल किये जा सकते हैं। कअी मसायल हमारे सामने हैं। पानी, बरोजगारी, रोटीके मसायल और देहातों के दूसरे कअी मसायल हमारे सामने हैं। अज्युकेशन (Education) अग्रीकल्चर (Agriculture) और डेवलपमेंट (Development) के कअी मसायल हमारे सामने हैं। अगर अिन मसायल को हमे हल करना है तो जो फुजूल खर्च मुवाजिन मे किया जा रहा है अुसमे अिकानामी (Economy) करने की जरूरत है। मै कहूंगा कि गुजिश्ता साल आनरेबल फाअिनान्स मिनिस्टर साहब ने बजट के स्पीच के वक्त कहा था कि गोरवाला रिपोर्ट को हर माना मे अिम्प्लीमेंट (Implement) करने की कोशिश करेगें लेकिन मुझे अफसोस के साथ कहना पडता है कि गोरवाला कमेटी की रिपोर्ट की तहत अिस साल भी हमारे सामनें बजट पेश नहीं किया जा रहा है। अुस कमेटी ने जिन डिपाटमेंटस (Departments) को अबालिश (Abolish) करने के संबंध में जो सिफारस की है बजट तयार करते वक्त अिसका लिहाज नहीं किया गया है। मै मिसाल के तौर पर कहूंगा कि गरेज (Garage) डिपार्टमेंट और हाअूस (House) डिपार्टमेंट की जरूरत नहीं है और अिनको आप अबालिश कर सकते हैं। मैंने बजट देखा तो अिसमे मै अिस डिपार्टमेंटस जूं का तुं रखा गया है और अिन पर अनावश्यक खर्च किया जाता रहा है। अिसी तरहसे आप देखेगें कि गोरवाला कमेटी नें सेक्रेटरीज (Secretaries) और अुनके स्टॉफ (Staff) मे कमी करने के लिये कहा

था अुस पर भी कोअी गौर नहीं कियागया ह। अिस बजेट मे अुसकी कोअी गुंजाअीश नहीं दिखाअी देती।

अुसी तरह मुझे कहना है कि जो कम्युनीटि रेडिओ स्कीम(Community Radio Scheme) है वह भी बेकारसी साबित हुअी है। अिसको अॅबॉलिश किया जा सकता है। गावों मे जो लोकल बॉडीज (Local bodies) है या टाअुन कमिटिज (Town committees) है और जो रेडिओ सेट्स (Radio Sets) रखे गये हैं वे सब खाली पडे है। न तो अुन्हें कोअी सुनता है और न किसी को सुनने की अिच्छा है। यदि आनरेबल मेम्बर्स जायेंगे तो सिर्फ रेडियो के खोके ही दिखेगें। तो मेरा कहना है कि अुस पर बेकार खर्च हो रहा है। फिर भी अिस साल के बजेट मे वह खर्च वैसा ही रखा गया है। वे सब के सब अखराजात कायम रखे गये है। पोलिस के अखराजात कम करने के लिये बार बार कहा गया। फिर भी अुस पर ध्यान नहीं दिया गया। अिस हाअुस की तरफ से अिस सिलसिले मे अेक कमिटि (Committee) भी बनाअी गअी थी और अिस पोलिस के खर्च मे कमी कैसे की जाय अिसके बारे में कुछ तदबीर सोंचकर कमेटिने बताये थे और अिस तरह आय्. जी. पि. और डी. आय् जी. पी.को कम कर के खर्चा कैसे कम किया ज्या सकता है अिसके बारे मे कहा गया था और अिसके बारे मे अेक स्कीम फायनान्स मिनिस्टर(Finance Minister)साहब के पास पेश की गअी थी। हमने यह कहा था कि जो ६ डी. आय्. जी. पी. रखे गये हैं अुनकी कोअी जरूरत नही है। अेक आय्. जी. पी. और दो डी.आय् जी. पी. कम किया जाना आवश्यक है। ला अँड आर्डर सुरक्षित रखने के लिये अितने डी. आय्. जी. पी. की जरूरत नहीं है। जब हमने अिसके बारे में पोलिस डिपार्टमेंट मे दरियाफ्त की तो मालूम हूवा कि अेक स्कीम अिसके सिलसिले मे बनाअी जा रही है और वह स्कीम फायनान्स मिनिस्टर साहब के पास भेजने वाले है। लेकिन जब बजेट पेश हुआ तो अुसमें अैसी कोअी नअी स्कीम मेरे नजर मे नहीं आअी मुझे अफसोस के साथ कहना पडता है कि यहां ६३ लाख रुपये की कमी दिखाकर यह बताने की कोशिश की जा रही है कि हुकूमत पोलिस के खर्चे मे कमी कर रही है। जब यह कहा जाता है कि फिर भी पोलिस डिपार्टमेंट पर काफी खर्चा होता है तो जवाब यह दिया जाता है कि लॉ अँड आर्डर (Law and Order) को सुरक्षित रखने के लिये यह करना जरूरी हो जाता है लॉ अॅन्ड ऑर्डर को ठीक रखने के लिये पोलिस काम करती है। मै यहां यह साफ तौर पर कह देना चाहता हूं कि पोलिस लॉ अॅन्ड ऑर्डर के लिये कुछ भी नही कर रही है। मुल्क मे लॉ अॅन्ड ऑर्डर कायम करके आवाम के जान व माल की हिफाजत करना यह पोलिस का फर्ज होता है। लेकिन आपकी पोलिस तो अिस काम मे नाकामयाब रही है। बरखिलाफ अिसके पोलिस तो लोगों को सताने का काम करती है। अगर आप देखें तो मालूम होगा कि पोलिस डिपार्टमेंट और रेव्हिन्यु डिपार्टमेंट (Revenue Department) ये दो डिपार्टमेंटस अैसे हैं जोकि लोगोंको बहुत सताते हैं। जहां रेव्हिन्यु डिपार्टमेंट की तरफ से कुछ जमीन वगैरा दी जाती है तो बादमे पोलिस वाले आकर अुसे लूट खसोट लेते हैं। यहां टेनन्सी (Tenancy) के सिलसिले मे कअी बातें हमारे सामने रखी जाती है और कहा जाता है कि हम यह कर रहे हैं और हम वह कर रहे हैं लेकिन वाकअी तौर पर क्या होता है यह मै हाअुस को बताना चाहता हूं। यहां से कअी किसम के आर्डिनन्सेस (Ordinances) अिस सिलसिले मे निकाले जाते हैं कि जमीन की बेदखलियां बंद हों। अुसके बारे मे अहकाम भेजे जाते हैं कि फलाँ फलाँ टेनेंट को फलाँ फलाँ जमीन का कब्जा दियाजाय और अहकाम के जरिये से अुसको कब्जा दिया भी जाता है। दूसरे दिन किसी न किसी कारण से पोलिस लोग अुसे

पकड कर ले जाते हैं और अुसको तकलीफ देते हैं ताकिवे डर से वहअपना कब्जा छोड दें। अिसके बारे मे कअी बार ऑनरेबल चीफ मिनिस्टर और ऑनरेबल होम मिनिस्टर साहब के पास कअी बार दरख्वास्त दी गअी। लेकिन अुसके बारे में कोअी खियाल नहीं किया गया। अिसके सिलसिले मे मै लातूर की अेक केस यहां बताना चाहता हूं। वहां अेक आदमी को जमीन का कब्जा दिया जाता है। यह कब्जा अुसको बिलकुल सब अफसरों के सामने दिया जाता है। फिर कोअी कारण बता कर पोलिस अुसको लॉकप मे रखती है। और २४ घंन्टे अुसको लॉकप (Lock up) मे रखा जाता है। अिधर २४ घंन्टे मे जमीन मालीक जो कि आज तक वह जमीन का मालिक बन कर बैठा था आकर खेतका पूरा माल अपने घर पर ले जाता है। अगर बाद मे वह काश्तकार अुसके खिलाफ दरखास्त देता है तो अुसको डरा धमकाकर यह कहा जाता है की आज तो खैर तुझे छोड दिया है लेकिन फिर से अैसी कोअी हरकत की तो अदालत को लेजाअूंगा। बिचारा वह टेनेंट डर कर चुप बैठता है। अैसे काम पोलिस और माल डिपार्टमेंट की तरफ से किये जाते हैं। अभी यहां अेक और मिसाल रखना चाहता हूं। वह कासरखेडा कि है। वहां विठ्ठलदास नाम का अेक मालिक है और मदनलाल फौजदार है वहां भी अिसी तरह कब्जा दिया जाता है और पोलिस फौजदार की मदद से अुसे वापस लेनें की कोशिश की जाती है। अिसके खिलाफ चीफ मिनिस्टर साहब के पास दरख्वास्त दी जाती है तो कुछ अमल नही होता अिसी तरह टेनण्टस के सिलसिले मे अेहकाम भेजे जाते हैं। अिस केस मे जब जमीन का कब्जा दिया गया तो अुसी रात को अुसमे जितनी फसल थी वह काटकर जमीनदार ने लेली वाक्या तो यह था कि जो कब्जा दिया गया वह फसल के साथ दिया गया था। लेकिन जब वह अिस बारे मे शिकायत करता है तो अुसको कहा जाता है कि तुझे तो खाली जमीन का कब्जा दिया गया था और अुस में जो पैदावार है वह जो अुस जमींदार की है और तुम्हे तो पैदावार के साथ थोडे ही जमीन का कब्जा दिया गया था। मुझे मालूम नहीं कि यह दफा कहां से तराशा गया है।.

हतगांव तालुके मे भी अैसे कअी केसेस हुअे हैं और नांदेड मे भी हुअे है। वहां तो अैसा हुवा है कि वहां की दूसरी पार्टियों के जो अच्छे अच्छे वर्कर्स और है जो अिस काम को कर रहे हैं अुन्हें किसी न किसी कारण से और किसी डकेती से ताल्लूक जोडकर अुन्हें गिरफ्तार कर लिया गया है और अुन्हें कहीं न कहीं फसाने की कोशिश की जाती है ताकि अवाम डर बैठा रहे और वह हमारा सुने अुस्मानाबाद का भी यही हाल है अिस सिलसिले मे चीफ मिनिस्टर साहब को कअी तार भेजे गये और दरख्वास्तें भी की गअीं। लेकिन जरूरी सुनवाअी नहीं हुअी। मै पूछना चाहता हूं कि अिस तरह से लॉ अॅन्ड ऑर्डर (Law and Order) कैसे मेंटेन (Maintain) किया जायेगा? मै यहां यह साफ अलफाज में कहना चाहता हूं कि अिस तरह से लॉ अॅन्ड ऑर्डर कभी मेंटेन नहीं किया जा सकता मै यह भी कहना चाहता हूं कि यह हालत कोअी अेक डिस्ट्रिक्ट की नहीं है। नांदेड अुस्मानाबाद मे भी अैसे ही हालात हैं। वहां भी कअी काश्तकार जेलों मे पडे हैं और जो कोअी पोलिस के पास लॉ है तो पोलिस अुनको सताती है और पोलिस जमीदारों की तरफ जाती है और अिस तरहां गरीबोंको कुचलेने की कोशिश की जाती है। मै कहना चाहता हूं कि पोलिस डिपार्टमेंट मे जियादा खर्चा करने की कोअी जरूरत नहीं है क्योंकि जो पोलिस का फर्ज होता है वह भी आज यहां की पोलिस आदा नहीं कर रही है अुसके बरखिलाफ वह जमीनदारों से मिलकर अपना पेट भरने की कोशिश कर रही है। कमसे कम गोरवाला कमेटिने अिस संबंध मे जो शिफारिसात की हैं अुनपर तो अमल करने की कोशिश आज होनी चाहिये। लेकिन वह भी नहीं की जा रही है। वह होना बहुत जरूरी है

अिसी के साथ दूसरी चीज यह है कि जैसा पोलिस डिपार्टमेंट वैसा हि रेव्हिन्यु डिपार्टमेंट है। अिसकी तरफ भी तवजे करना जरूरी है। रेव्हिन्यु डिपार्टमेंट किस तरह काम कर रहा है ? अिसकी अेक रीपोर्ट शाया हुअी है जो मुझे यहां देखने को नही मिली। लेकिन वह अखबारों मे प्रसिद्ध होगअी है। अुसे मैने अखबारो मे देखा है अेक अैसा ऑर्डिनन्स निकाला गया है जिससे फुडग्रेन डीलर्स (Food grain dealers) को लायसेन्सेस निकालना लाजमी कर दिया गया है। यह चीज रेव्हिन्यु डिपार्टमेंट की तहत होती है। अुसकी तरफ से अेक गस्ती निकाल कर फुडग्रेन डीलर्स को यह लाजमी कर दिया गया था कि अुन्हें लायसेन्स लेना ही चाहिये.।

अिसी सिलसिले मे ऑनरेबल फुड मिनिस्टर परभणी जिले में आये थे। अुस समय तालुकदार से अुन्होंने यह पूछा कि क्या यह जरूरी है कि जो खुद काश्त करते है और जो फुडग्रेन डीलर्स नहीं है क्या अुन्हे भी यह लायसेन्स लिया जाना लाजमी है ? यह कहा गया कि यह जरूरी नहीं है अुनके लिये जो की खुद की जमीन से अनाज हासिल करते हैं और जो फुडग्रेन डिलर्स नहीं है अुन्हे सिर्फ अपने हिसाब का तपसील भेजना चाहिये। यह होने के बाद परभणी जिले में क्या हुवा ? और अिस पर अमल कैसे हुवा ? तो वहां अिन लायसेन्सेस के लिये ४,००० रुपये फिस के तौर पर वसूल किये गये। वहां के तहसीलदार बहुत कानून जाननेवाले है। काश्तकारों से २५,००० हजार रुपये लायसेन्स फी के तौर पर वसूल हुअे। अगर वह सौ रुपये देता है तो अुसको फिर लायसेन्स निकालने की जरूरत नहीं है। अैसा सब काम हो रहा है। वह सिर्फ वहीं हो रहा है अैसी बात नहीं है। गिंगोली कळमनेर, जिंतुर, आदि जगहों की भी यही बात है। वहां के भी तहसीलदार अैसे हीं हैं। यहां भी कुछ पैसे दियें जाते हैं तो फिर लायसेन्स लेने की जरूरत नहीं पडती है। वरना काश्तकारों को यह लायसेन्स लेनें के लिये जबरदस्ती की जाती है यह चीज आज अितनी बढ गअी है आज अेक लेव्हि के तहत अेक नये आर्डर लाने की कोशिश की जारही है। लेकिन जो अहकामात यहां से दिये जाते हैं अुन्हें नीचे के ओहदेदार समझते नहीं हैं। अैसी बात नहीं लेकिन जानबुझकर अुसके खिलाफ अमल करनें की कोशिश करते हैं। जिनसे लायसेन्स लेने के लिये कहा गया और मजबूर किया गया वे तो कोअी फुडग्रेन डीलर्स या स्टॉकिस्ट तो नही थे। नये अहकाम के तहत काश्तकारों से ६० फीसद स्टॉक लिया जायेगा। रेव्हिन्यु डिपार्टमेंट के लोगों को ही अेहकामात दिये जाते हैं फिर भी अुन्हे समझते हुअे भी वे अुनपर अमल नहीं करते है। और न अमल करने की कोशिश ही करते हैं। गरीब किसानों को लूटने की कोशिश करते हैं। अिस तरह अिसमे करप्शन आगया है। यह जो अिस तरह की बात होती है अिसकी असली जड गिरदावर और जमीनदार होते हैं। यदि अिस चीज को हुकूमत को रोकना है तो यह जड ही काटनी होगी। वे लोग हमारी गव्हर्नमेंट के बलबूते पर आज खडे हैं। अगर आप अिस वतनदारी को खतम करेंगे तो यह मसला हल होसकेगा। अिनको जल्द से जल्द खतम करने की गव्हर्नमेंट की पॉलिसी रहनी चाहिये। मुमकिन है कि अिसके लिये कुछ जियादा रक्कम खर्च करने की जरूरत हो अपोजिशन के ऑनरेबल मेंबर्स अिसबात को अच्छी तरह समझते हैं और अिसके लिये जियादा पैसा लगेगा तो वह खुशी से मंजूर करने के लिये तैयार हैं क्योंकि यह बहुत जरूरी है। जियादा खर्चा आया तो भी कोअी हरज नहीं लेकिन वतनदारी तो खतम होनी हि चाहिये। अिन सब खराबियों की जड पटेल और पटवारी हि हैं। अिसलिये हमे पेटेल और पटवारी और वतनदारी के सिस्टेम को खतम करना चाहिये।

अिसके बाद अब प्राजेक्ट की तरफ आताहू। जब तक मेरी मांग पूरी नहीं होती तब तक मैं यह बार बार कहता रहूंगा कि पांचसाला योजना मे मराठवाडे के लिये कुछ नहीं रखा गया है। गये साल

तो कुछ भी नहीं किया गया था। लेकिन अिस वक्त अितनी मेहरबानी की गअी कि अेक कम्यूनिटी प्राजेक्ट मराठवाडे को दिया जायगा। बाकी चीजों के सिलसिले मे गुजिश्ता साल हुकूमत की जो नीति रही वही अिस साल भी रही है। कहत के असरात को छोड दीजिये। मराठवाडे मे तो हर वक्त कहत रहता है और जब तक पांचसाला योजना मे अिसके लिये कुछ न कुछ ठोस अिन्तजाम नहीं किया जायेगा यह मसला हमेशा के लिये हल नहीं किया जासकेगा और यहां के लोगों की दिक्कत दूर नही की जासकेगी पानी की वहां बहुत किल्लत है। परभनी मे कहत नहीं है, लेकिन लोग पीने के पानी के लिये तरस रहे है। चित्तूर और दीगर जगहो पर पानी नही है।-१७ हजार की आबादी के गांव है लेकिन वहां के लोगों को ३ या चार मील से पानी लाना पडता है। लोग कुव्वें मे गिर पडे बुडिया कुव्वे मे गिर कर मर गअी लेकिन कोअी लिहाज नही किया गया और न कोअी काम अिस सिलसिले मे अब तक हुकूमत ने किया है और न किसी से कराया गया। कम् से कम् लोगों को पीने के लिये पानी दिया जानेका अितजाम होना चाहिये। अिसके लिये कोअी ठोस स्कीम होनी चाहिये जिससे वहां के लोग और जानवर पानी की वजह से और कहत की वजह से न मरें। हुकूमत ने कुछ फैमिन वर्क्स वहां खोल दिये है लेकिन कहत का मसला मराठवाडे मे अेक हमेशा का मसला हो गया है। पानी न होने की वजेह से काश्तकार और दीगर लोगों को बहुत सी मुसीबतों का मुकाबिला करने पडता है। गव्हर्नमेंट को अिस तरफ खास तवजे देनी चाहिये।

(Bell was rung)

गुजिश्ता साल जब पहले पहले बजट पेश किया गया था तब हाअुस के सामने यह कहा गया था कि अुन तालुकों मे जहां तीस साल से सर्वे नही हुआ है वहां के काश्तकारों को कम मालगुजारी देनी पडती है अिसलिये हम अुनको सर्वे होने तक रुपये के पीछे दो आने का अिजाफा करते हैं, क्यों कि युनिफार्मिटी आफ टेक्सेस होनी चाहिये। मै पूछना चाहता हूं कि जहां पर कमी हुअी वहां तो हुकूमत यूनिफार्मिटी आफ टेक्सेस (Uniformity of Taxes) के प्रिन्सिपल् को लागू करते हैं; लेकिन जहां यह कमी नहीं हुअी है बल्कि टेक्सेस जियादा है वहां अिस प्रिन्सिपल को लागू नहीं करना चाहते। जागीर अेडमिनिस्ट्रेशन को लेकर दो या ढाअी साल हो चुके हैं। अुसके बावजूद अुन अिलाकों मे जहां जागीरदारों की मिल्कियत कम करने की कोशिश की गअी और जहां सर्वे नही हुवा है वहां कुछ लोगों को २५ परसेंट का कन्सेशन दिया गया और कुछ लोगों को वह नहीं दिया गया। आनरेबल चीफ मिनिस्टर साहब ने परसों कहा था कि जागीरी मुआविजात मे रेव्हिन्यु कमी नहीं कर सकें, अिसलिये कि वे अिधर अुधर बिखरे हुअे हैं। मै आनरेबल चीफ मिनिस्टर साहब को जागीरी मौजे बतला देता हूं जो अिकठ्ठे तौर पर हैं। अुस्मानाबाद मे भूम जागीर मे ४६ मुवाजियात हैं। परभनी मे ९६ मुवाजियात अेक जगह हैं। अिन जगहों पर २५ परसेंट का कन्सेशन क्यों नहीं दिया गया? अगर हुकूमत युनिफार्मिटी आफ टेक्सेशन रखना चाहती है तो सब के लिये अेक सी नीति रखनी चाहिये जहां से रिप्रेजेंटेशन्स आते हैं यदि वे अैसे लोगों की तरफ से आते हैं जो खास तौर से अपनी ही पार्टी के हैं अुनपर जरूर लिहाज किया जायेगा लेकिन अपोजिशन की पार्टी से रिप्रेजेंटेशन्स हों तो गौर करने मे दिक्कत मालूम होती है। अफसोस के साथ मुझे कहना पडता है कि मैने रिप्रेजेंटेशन के सिलसिले मे हुकूमतसे जब सवाल किया था अुसवक्त यह कहा गया कि अितनी डिफीकल्टीज (Difficulties) हैं कि हमारे पास अितना स्टाफ नहीं है। अुसको मैने तसलीम किया। लेकिन अब यह देखा जाता है कि कुछ जागीरी विलेजेस मे हुकूमत ने जो कन्सेशन दिया है वह हर जगह नहीं दिया गया। मै समझता हूं कि यह नाअिन्साफी है। अिसे युनिफार्मिटी आफ टेक्सेस नहीं कहा जा सकता।

अिस पर गव्हर्नमेंट को फौरन गौर कर के पूरे जागीरी मुवाजियात को २५ परसेंट का कन्मेशन देने के बारे में आर्डर्स फौरन जारी कर देना चाहिये।

شریمتی معصومہ بیگم (چیر اومن) - آنریبل ممبر نے (۴۰) منٹ لئے ہیں -

श्री. अण्णाज राव गव्हाणे :–दो वक्त मुझे जियादा समय दिया गया है। यह मै जानता हू और अब जियादा समय लेना मै मुनासिब नहीं समझता। आखिर मे सिर्फ यही कहना चाहता हूं कि जो बजेट हमारे सामने पेश किया गया है अुसमे हम समझते थे कि वे चीजे आयेगी जो अव्वाम के लिये जरूरी है। डेवलपमेंट स्कीम्स, अेग्रीकल्चरल प्राजेक्टस, मराठवाडे मे खास तौर पर से मायनर प्राजेक्टस आदि हम अिस बजट मे देखने की अुमीद रखते थें। लेकिन अफसोस है कि अैसी कोअी खास चीज हमें अिस बजेट मे नजर नहीं आती। फाअीनान्स मिनिस्टर साहब ने कहा है कि अुन्होने बजेट को बॅलन्सिग (Balancing) करने की कोशिश की है। लेकिन वह तो मुझे कही पर भी नहीं दिखाअी देता। अेक तरफ तो यह कहा जाता है कि फाअीनान्शिअल पोजीशन साअुंड है और दूसरी तरफ नेशन बिल्डिग डिपार्टमेंटस पर जितना खर्च किया जाना चाहिये अुतना खर्च नहीं किया जाता। अिसलिये अफसोस के साथ कहना पडता है कि बजेट पेश करने का जो पुराना ढांचा था। अुसी के मुताबिक यह बजट हमारे सामने अिस वक्त पेश करने की हुकूमत की जानिबसे कोशिश हो रही है। अितना कहते हुवे मै अपना भाषण समाप्त करता हूं।

شری مادھو راؤ نرلیکر - مسٹر اسپیکرسر - سنہ ۵۳ - ۱۹۵۴ع کے موازنہ پر میں نے اپنی پارٹی کے نقطہ نظر سے غور کیا - میں نے توقع کی تھی کہ اس سال کے موازنہ میں آبادی کے اوس حصہ کی فلاح و بہبود پر جو حیدرآباد کی آبادی کا (۱ - ۳) حصہ ہے خرچ کرنے کے لئے کچھ تشفی بخش موازنہ ہوگا - لیکن اس سال کا بجٹ تو گذشتہ سال کے بجٹ کے مقابلہ میں ہماری پارٹی کے نقطہ نظر کے تحت اور زیادہ مایوس کن ہے - میں اس سلسلہ میں آنریبل فینانس منسٹر کی نیک نیتی پر شبہ نہیں کرونگا - اون کو شیڈولڈ کاسٹس سے زیادہ لگاؤ ہے - لیکن وہ اکیلے ہی بجٹ تیار نہیں کرتے بلکہ کچھ اور بھی لوگ بجٹ کی تیاری میں حصہ لیتے ہیں - اس وجہ سے ممکن ہے کہ اس بجٹ میں شیڈولڈ کاسٹس کا زیادہ لحاظ نہیں کیا گیا ہو - اور لحاظ نہ بھی ہونا چاہئے کیونکہ کانگریس حکومت کی جو پالیسی شیڈولڈ کاسٹس کی فلاح و بہبود کے متعلق ہے وہ ویسی نہیں ہے جیسی کہ ہونی چاہئے - کانگریس پارٹی کی پالیسی میں ایسی کوئی گنجائش نہیں جسکے ذریعہ شیڈولڈ کاسٹس کی فلاح و بہبود کا مسئلہ حل کیا جاسکے - کانگریس پارٹی تو شیڈولڈ کاسٹس کے لوگوں پر صرف دیا ظاہر کرتی ہے - اون کو سبز باغ دکھا کر خاموش کرنے کی کوشش کرتی ہے اور اپنی حکومت چلانا چاہتی ہے - میں نے کئی مرتبہ اس اسمبلی میں کہا ہے کہ حکومت کو شیڈولڈ کاسٹس کے بارے میں جو پالیسی ہے اسے اپنی پالیسی تبدیل کرنا چاہئے ہ - مارچ کو راج پرمکھ کے اڈریس پر تقریر کرتے ہوے میں نے اپنی پارٹی کی پالیسی کی وضاحت کی تھی کہ اگر اس اصول پر کانگریس حکومت کام کرے تو گویا

شیدولڈ کاسٹس کی بھلائی ہوسکتی ہے - لیکن اون کے پرنسپس (Principles) اس بات کی اجازت نہیں دیتے کہ وہ شیڈولڈ کاسٹس کی فلاح و بہبود کے لئے کوئی کام کریں - اگر ہم ملک میں کوئی انقلاب لانا چاہتے ہیں تو سب سے پہلے بجٹ میں جو ملک کی فلاح وبہبود اور ترقی کا ڈھانچہ ہونا ہے کافی رقومات شیڈولڈ کاسٹس کے لئے منظور کرنی چاہئیں - اس نقطہ نظر کے تحت اگر کانگریس حکومت سوچ اور عمل کرے تو مجھے امید ہے کہ شیڈولڈ کاسٹس کا مسئلہ حل کیا جاسکتا ہے - لیکن افسوس ہے کہ بار بار کہنے کے باوجود اس معاملہ میں کچھ نہیں کیا جاتا - چنانچہ برسوں راج برمکھ کے اڈریس پر تقریر کرتے ہوئے میں نے اس جانب توجہ دلائی تھی - لیکن ہمارے آنریبل چیف منسٹر نے اپنی جوابی تقریر میں اوس کا جواب نہیں دیا - اس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ حکومت کی پالیسی اس سلسلہ میں صرف دیا دکھانے کی ہے - بلکہ اس سے بھی بڑھ کر یہ کہ شیڈولڈ کاسٹس کے ساتھ دشمن پالیسی ہے میں نے اپنی پارٹی کی پالیسی کو مکمل طور پر ہاؤس کے سامنے رکھدیا تھا اور مجھے امید تھی کہ اس کا جواب دیا جائیگا - لیکن معلوم نہیں کیوں انہوں نے اس کا جواب دینے سے گریز کیا - میں یہی کہونگا کہ اگر حکومت شیڈولڈ کاسٹس کی فلاح بہبود چاہتی ہے تو اوس کو چاہئے کہ سب سے پہلے بجٹ میں اون کے لئے کافی رقومات مہیا کرے - گذشتہ سال آنریبل فینانس منسٹر نے اپنی بجٹ اسپیچ میں کہا تھا کہ چونکہ اس سال بجٹ عجلت میں تیار ہوا تھا اس لئے آیندہ سال شیڈولڈ کاسٹس کی فلاح و بہبود کے لئے کچھ نہ کچھ کیا جائیگا - لیکن ایسا نہیں ہوا - گزشتہ سال (۱۰) لاکھ کی رقم رکھی گئی تھی - لیکن اس سال (۶) لاکھ (۸۵) ہزار کا پروویژن رکھا گیا ہے - اس سے ظاہر ہے کہ کانگریس حکومت نہ صرف شیڈولڈ کاسٹس کی فلاح و بہبود سے دور ہوتی جا رہی ہے بلکہ لاپرواہی برت رہی ہے - اس کا نتیجہ کیا ہوگا ، اوس کا اندازہ حکومتی پارٹی خود کرسکتی ہے جن عوام کو صدیوں سے کچلا گیا ، جن عوام کو صدیوں سے سماج سے دور رکھا گیا اور جن عوام نے ملک کی کافی سیوا کی ہے اون کے ساتھ حکومت کا یہ رویہ ہے - کہا جاتا ہے کہ ہم شیڈولڈ کاسٹس کا ادھار کرنا چاہتے ہیں - حکومت ان کا اپدھار کرنا چاہتی ہے یا اون کے معاملوں کو ادھار رکھنا چاہتی ہے ؟ اگر کانگریسی حکومت شیڈولڈ کاسٹس کی فلاح وبہبود چاہتی ہے تو میں کہونگا کہ اس پارٹی کی پالیسی میں سب سے پہلے تبدیلی ہونا چاہئے - اس پارٹی کو اس طرح سوچنا چاہئے جس طرح کہ آل انڈیا شیڈولڈ کاسٹس فیڈریشن یا حیدرآباد کی شیڈولڈ کاسٹس فیڈریشن یا ڈاکٹر امبیڈکر صاحب سوچتے ہیں - جو پالیسی اون کی ہے اوس پر کانگریسی حکومت کو سوچنا چاہئے - ہماری پالیسی شیڈولڈ کاسٹس کے متعلق جیسی کچھ ہے وہ ظاہر ہے - ہم چاہتے ہیں کہ جس طرح کے یہاں دیگر سماج کے لوگوں کو ہر ایک کام میں موقع ملتا ہے ویسا ہی ہمارے سماج کو بھی ملے - سرویسیس میں ہم دیکھتے ہیں کہ دوسرے سماج کے گزیٹیڈ آفیسرس موجود ہیں لیکن شیڈولڈ کاسٹس کا ایک شخص بھی گزیٹیڈ آفسر نہیں ہے - عوام اور دوسری پارٹیوں سے کہا جاتا ہے کہ وہ دستور کے تحت چلیں - لیکن وہ پارٹی خود دستور کے تحت عمل نہیں کرتی - ہم تو دستور

کے تحت چلنا چاہتے ہیں ۔ دستور میں سیکڑہ ساڑھے بارہ فیصد شیڈولڈ کاسٹ کے لوگوں کے لئے ریزرویشن رکھا گیا ہے ۔ لیکن عملاً کچھہ بھی نہیں۔ اضلاع میں جب ہمارے گرائجویٹس ملازمتوں کے لئے درخواستیں دیتے ہیں تو ان کو ملازمتیں دینے سے گریز کیا جاتا ہے ۔ ایک برہمن کو تو نوکری ملتی ہے لیکن ایک مہار کو نوکری نہیں ملتی ۔ ایک بنئے کو نوکری ملتی ہے لیکن ایک چمار کو نوکری نہیں ملتی ۔ کہا جاتا ہے کہ دستور کے ساتھ چلئے ۔ ہم تو دستور کے تحت چلنے کے لئے تیار ہیں ۔ لیکن میں حکومت سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ دستور کے تحت ساڑھے بارہ فیصد جس رزولیویشن کی گیارنٹی دی گئی ہے اوس پر کہاں عمل کیا گیا ؟ کتنے گزیٹڈ آفیسرس کو مامور کیا گیا ؟ باوجود تعلیم یافتہ ہونے کے ہمارے لوگوں کو ملازمتیں نہیں دیجاتیں ۔ اس کی کیا وجہ ہے ؟

میں زمینات کے بارے میں کچھ عرض کرونگا ۔ دوسروں کی طرح ہمیں بھی کاشت کے لئے اراضیات دیجانی چاہئے کیونکہ دیہاتوں میں کافی حصہ شیڈولڈ کاسٹس کا ہوتا ہے ۔ وہ لوگ کام نہ ہونے کی وجہ سے بیکار اور بیروزگار ہوگئے ہیں ۔ وہ کاشت سے اچھی طرح واقف ہیں اور جہاں تک زراعت کا تعلق ہے وہ اس سلسلہ میں بہت ہوشیار ہوتے ہیں ۔ لیکن جب وہ زمینات طلب کرتے ہیں تو انہیں نہیں دیجاتیں ۔ پرسونکے اڈریس میں (۵۰) ہزار ایکر کا ہندسہ بتایا گیا ہے ۔ میں نے اوس وقت اس کے متعلق بحث بھی کی ہے ۔ لیکن میں کہونگا کہ جو اراضیات دیجاتی ہیں ، یہ کہکر کہ وہ محصورہ یا جنگلات کی اراضی ہے انہیں واپس لے لیا جاتا ہے۔ اگر دی بھی جاتی ہیں تو اون غریبوں کی معاشی حالت اتنی پست ہوتی ہے کہ بیل اور تخم اور زرعی آلات وغیرہ خرید کر کاشت نہیں کرسکتے ۔ میں نے اس سے پہلے آنریبل منسٹر فار فینانس سے درخواست کی تھی کہ اس سال کے بجٹ میں کم از کم ۵ کروڑ روپیے ان غریب اور بچھڑے ہوے شیڈولڈ کاسٹس کے لئے رکھے جائیں ۔ اس کی صراحت کرتے ہوے میں نے یہ بتایا تھا کہ ایسا کرنے سے بیل تخم اور زرعی آلات خرید نے میں اون لوگوں کو کوئی دقت نہ ہوسکے گی ۔ اوسکے علاوہ اگر بجٹ میں کافی رقم مہیا کی جائیگی تو حکومت کے گرومور فوڈ " اسکیم بھی اور زیادہ کامیاب ہوگی ۔ پنڈت جواہرلال نہرو نے کہا تھا کہ اگر کاشت کے لئے زمین نہ مل سکے تو دیودار کے ڈبوں میں مٹی ڈال کر اناج اگایا جائے ۔ میں کہتا ہوں کہ دیودار کے ڈبوں کی کیا ضرورت ہے جبکہ ہمارے پاس کافی زمین کاشت کے لئے موجود ہے ؟ تعلقہ ہنگولی میں ۳ ہزار ایکر زمین خالی پڑی ہوئی ہے ۔ لیکن ایک ایکر بھی کسی کو نہیں دیگئی ۔ تعلقہ کلمنوری میں ۴ ہزار ایکر زمین تھی لیکن وہاں صرف ۹ سو ایکر زمین تقسیم کی گئی ۔ باقی زمین اب تک تقسیم نہیں کی گئی ۔ زمین ہونے کے باوجود دیو دار کے ڈبوں میں اناج اگانے کی کیا ضرورت ہے ؟ ہم چاہتے ہیں کہ ہمیں زمین دی جائے اور زمین پر کام کرنے کے لئے سہولتیں دی جائیں ۔ پھر ہم زیادہ غلہ اگاسکینگے اور گرومور فوڈ کا مسئلہ بھی حل ہوسکے گا ۔ حکومت نے اس بجٹ میں اس اسکیم کے لئے ۴۵ لاکھ روپیے رکھے ہیں ۔ لیکن میں پوچھنا چاہتا ہوں اضلاع میں جب یہ رقوم پہنچتی ہیں تو اس کا انجام کیا

ہوتا ہے ؟ یہی ہوتا ہے کہ جب یہ رقومات اضلاع میں پہنچتی ہیں تو پارٹیوں یا کاشتکاروں کو بلا کر یہ ہدایت دیجاتی ہے کہ اگر ان کی پیک زیادہ ہونو انعامات دئے جائینگے - لیکن انعامات جب تقسیم کرتے ہیں اوس میں سب کانگریس کے افراد ہوتے ہیں - اس طرح یہ پیسہ چند خاص لوگوں پر ہی خرچ ہوتا ہے - اس لئے میں جو چیز کہنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ جو پیسہ حکومت خرچ کرنا چاہتی ہے اوس میں ہر ادارہ کو خواہ وہ سیت کری کامگری پکس ہو یا سوشلسٹ پارٹی کا ادارہ ہو یا اور کوئی ہو ، مناسب حصہ ملنا چاہئے - جو لوگ حقیقت میں ملک کی ترقی چاہتے ہیں ان لوگوں کو جیسی کہ نمائندگی دیجانی چاہئے نہیں دیجاتی - اضلاع میں فوڈ کمیٹیز ہیں ، پلاننگ کمیٹیز (Planning Committees) ہیں اور سوشل سروس کمیٹیز ہوتی ہیں - لیکن شیڈولڈ کاسٹس کے لوگوں کو ان کمیٹیوں میں نہیں لیا جاتا - میں خاص طور پر ضلع پربھنی کا ذکر کرونگا جہاں کے کلکٹر صاحب جاگیر دار سے کم نہیں - وہ کسی بھی اپوزیشن پارٹی کے نمائندوں کو ان کمیٹیوں میں نہیں لینا چاہتے - اس سے میرے کہنے کا مقصد یہ ہے کہ جب تک یہ چوکھٹا نہ بدلے گا جب تک حکومت دوسری سیاسی پارٹیوں کا کوآپریشن نیک نیتی سے حاصل نہیں کرے گی تب تک عوامی مسائل کو حل کرنے میں حکومت ناکام رہیگی - اب میں سوشل سروس ڈپارٹمنٹ کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں - گزشتہ سال کے بجٹ میں اس کے لئے ۱۰ لاکھ روپیے منظور کئے گئے تھے - لیکن ہم کو اس کا علم بھی نہ ہوسکا کہ آیا وہ منظورہ رقم خرچ ہوئی یا نہیں اضلاع میں چونکہ تحصیلدار اور تعلقداروں سے ہمارے تعلقات ہوتے ہیں اس لئے اون لوگوں سے ہمیں یہ معلوم ہوا ہے کہ جو رقم سوشل سروس کے سلسلہ میں منظور ہوئی تھی وہ انہیں اب تک بھی نہیں ملی ہے -

Shrimati Masooma Begum (Chairwoman): Now we adjourn and meet again at Eleven of the Clock.

The House, then, adjourned for recess till Eleven of the Clock.

The House re-assembled after recess at Eleven of the Clock.

(Mr. Speaker in the Chair)

Mr. Speaker: Shri Madhav Rao Nerlikar.

شری مادھو راؤ نرلیکر - مسٹر اسپیکر سر - میں یہ عرض کررہا تھا کہ اضلاع میں جو ڈسٹرکٹ بورڈس (District Boards) بنائے جارہے ہیں اون میں جبتک عوام کے نمائندوں کو نہ لیا جائے وہ کامیاب نہیں ہوسکتے - نیز سوشیل سروس ڈپارٹمنٹ جن عہدہ داروں کا تقرر کرتا ہے ایک سال سے ہم دیکھ رہے ہیں کہ وہ اطمینان بخش

طریقہ پر کام نہیں کرتے بلکہ وہ تو صرف تنخواہیں پانے کیلئے مقرر ہوئے ہیں ۔ اپنے مکانات میں بیٹھے ہوئے اچھوتوں کی فلاح و بہبود کا حساب لگاتے رہتے ہیں ۔ اچھوتوں کو مکانات کی قلت ہے ۔ پینے کے پانی کی تکلیف ہے ۔ جگہ کی قلت ہے اور وہ بھوکوں مر رہے ہیں ۔ لیکن ان عہدہ داروں کو اسکی کوئی پرواہ نہیں ہے ۔ جب وہ دیہاتوں میں آتے ہیں اور ان باتوں کی طرف دھیان دینے کیلئے کہا جاتا ہے تو وہ جواب دیتے ہیں کہ وہ اپنے لیڈروں سے جا کر کہیں ۔ ہم اپنے فرائض ادا کرنے کیلئے ہیں ۔ حکومت نے انکو اچھوت سماج کے پرابلم کو حل کرنے کیلئے مقرر کیا ہے ، زمین کے پرابلم کو حل کرنے کیلئے رکھا ہے اور انکو اختیارات دئے ہیں کہ وہ زمین کے مسئلہ کو حل کریں اور پانی کیلئے باؤلیاں کھدوائیں ۔ مگر وہ کچھ نہیں کرتے ۔ میں حکومت سے پوچھتا ہوں کہ کیوں یہ کام نہیں ہو رہے ہیں ؟ ایک سال کا عرصہ گزر گیا ہے ۔ (۱۰) لاکھ روپیے اچھوتوں کی بھلائی کے کاموں کیلئے منظور کئے گئے تھے ۔ لیکن اسمیں سے صرف (۳) لاکھ روپیہ خرچ کئے گئے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ گورنمنٹ کی یہی پالیسی ہے کہ دکھاوے کیلئے رقم تو منظور کیجائے مگر اسے خرچ نہ کیجائے ۔ اس سال گورنمنٹ ان اغراض کیلئے چھ لاکھ (۸۵) ہزار روپیے موازنہ رکھا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ گذشتہ سال کے جو سات لاکھ روپیے باقی ہیں ان کو موجودہ بجٹ کے پراویژن میں کنورٹ (Convert) کیا جارہا ہے ۔ کیا اچھوت سماج کی بھلائی اور بہتری کا یہی طریقہ ہے ؟ اچھوتوں کی فلاح و بہبود کا کانگریس پروپگنڈہ تو کرتی ہے مگر اسکا عمل یہ ہے ۔ اس سے فلاح و بہبود نہیں ہوسکتی ۔ سوشیل سرویس ڈے (Social Service Day) یا گاندھی جینتی منائی جاتی ہے اور اچھوتوں کے محلوں میں جا کر جھاڑو دیجاتی ہے ، صفائی کیجاتی ہے اور عورتوں کے بالوں میں سے جوئیں نکالی جاتی ہیں ۔ مگر ایک دن ایسے کام کردینے سے یہ روگ جو اچھوت سماج میں ہیں دور ہونے والے نہیں ہیں ۔ اس روگ کو دور کیا جانا اشد ضروری ہے ۔ یہ اسی وقت ممکن ہے جب کہ اس پارٹی کا بنیادی پالسی میں تبدیلی لائی جاتی ہے ۔ اگر بنیادی تبدیلی لانی منظور ہے تو اچھوت سماج کے معاشی حالات بہتری پیدا کرنے کیلئے تبدیلی لانی چاہئے ۔ یہ سونگ ڈھونگ جو رچایا جارہا ہے اس سے کام نہیں چلیگا ۔ یہاں تو اچھوت سماج کے چھوت چھات کو دور کرنے کی بڑی بڑی باتیں کیجاتی ہیں ۔ مگر حقیقت میں عمل کچھ بھی نہیں کیا جاتا ۔ یہ وہ لوگ ہیں جو ہم کو اچھوت کہتے ہیں ۔ لیکن اچھوت سماج وہ سماج ہے کہ جب کوئی برہمن اونکی باؤلی پر جاتا ہے تو اچھوت ہرگز یہ نہیں کہتا کہ تم اس باؤلی کا پانی مت پیو ۔ لیکن اچھوت جب انکو چھوتا ہے تو وہ اس کو پسند نہیں کرتے ۔ اس چھوت چھات کے تصور کو جب تک دور نہ کیا جائے اچھوت سماج کی حالت درست نہیں ہوسکتی ۔ ان حالات میں غور کیجئے کہ چھوت پن ان لوگوں میں ہے جو ہمکو اچھوت کہتے ہیں یا آپ میں ہے یا ہم میں ہے ۔ اچھوت آپ لوگ ہیں جو ہم کو اچھوت سمجھتے ہیں ۔

Mr. Speaker : You do not mean the chair ! (Laughter).

شری مادھو راؤ نولیکر - مسٹر اسپیکر سر - آپ سے میرا مطلب حکومت ہے - حکومت سے میں یہ کہونگا کہ ہم اچھوت نہیں ہیں . اچھوت وہ لوگ ہیں جو چھوت چھات کرتے ہیں - جب تک خود اپنے آپ سے اچھوت پن دور نہ کیا جائے چھوت چھات کا مسئلہ حل نہیں ہوسکتا .. ڈاکٹر امبیڈکر نے بار بار یہی کہا ہے - میں یہ نہیں کہتا کہ ہمکو ہوٹلوں میں جانے کی آزادی ملے اور ہمکو مندروں میں جانے کی آزادی ملے بلکہ میں یہ چاہتا ہوں کہ جو اس حکومتی پارٹی کا گھمنڈ ہے وہ دور ہونا چاہئے .. ورنہ میں جانتا ہوں کہ محض آپکے مندروں میں جانے سے اچھوتوں کی فلاح و بہبود نہیں ہوسکتی - ہمارا مقصد یہ ہے کہ ہندو سماج کے اس گھمنڈ کو دور کیا جائے - مندر میں داخلے پر قانونی اجازت ہونے کے باوجود اچھوتوں کو مندر میں داخلہ کی آج بھی اجازت نہیں دیجارہی ہے . چنانچہ حال ہی کا واقعہ ہے کہ ایک آنریبل منسٹر کو مندر میں داخل ہونے سے روکدیا گیا - غور فرمائے کہ ایک منسٹر کے ساتھ جب ایسا سلوک کیا گیا تو دیہاتوں میں رہنے والے غریب اچھوتوں کے ساتھ کیا سلوک کیا جاتا ہوگا ؟ اچھوتوں کا سدھار کرنا منظور ہے تو گھٹنانے ہمکو جو کچھ دیا ہے اسکو حاصل کرنے کا موقع دیا جانا چاہئے - ہماری مانگیں کیا ہیں ؟ بہت معمولی ہیں - یہی کہ بارہ فیصد نوکریاں ہم کو دیجائیں تو وی کی رقومات تقسیم کیجائیں تو ہمکو بھی دیجائیں - ہمارے لئے باؤلیوں کا انتظام کیا جائے ، یہ ہیں ہماری منصفانہ مانگیں - انکو پورا کرنا حکومت کا پہلا فرض ہے - چھوت چھات کا مسئلہ معاشی حالات پر مبنی ہے - اگر حکومت کو واقعی چھوت چھات دور کرنا ہے تو اچھوتوں کے معاشی حالات کی جانب توجہ کرنی چاہئے - ایک اچھوت برہمن کے پاس کیوں نوکری کرتا ہے ؟ اسلئے کہ اسکے پاس پیسہ نہیں ہے - اگر ان مسائل کو حل کرنا ہے تو سب سے پہلے ہماری مانگیں پوری کرنی پڑینگی -

چار مہینے پہلے ناگپور میں شیڈولڈ کاسٹس کا ایک ادی ویشن (अधिवेशन) ہوا تھا جس میں پنڈت نہرو نے کہا کہ ہندوستان میں اچھوتوں کا سوال پیدا ہی نہیں ہوتا کیونکہ ہندوستان میں چھوت چھات ہے ہی کہاں ؟ میں پنڈت نہرو کے اس بیان سے متعلق کہونگا کہ معلوم نہیں انہوں نے کن آنکھوں سے دیکھا ہے ، معلوم نہیں انہوں نے یہ کسطرح کہدیا - ساؤتھ آفریقہ سے متعلق تو یہہ کہا جاتا ہے کہ کالے گورے میں تفریق نہ کی جائے میں پوچھتا ہوں کہ آفریقہ میں جس چیز کا مطالبہ کیا جاتا ہے وہی مطالبہ اگر ہندوستان کے بسنے والے اچھوت کریں کہ اچھوتوں کے ساتھ جو امتیاز برتا جاتا ہے اسکو نکال دیا جائے تو کیا برا ہے ؟ وہاں جس طرح حقوق کے مانگنے کا حق ہندوستانیوں کو ہے اسی طرح ہمکو بھی اپنے حق کے مانگنے کا حق ہے - میں پوچھتا ہوں کہ یہاں کے ساؤتھ آفریکنس کے مسائل حکومت کب حل کرے گی ؟

اس بجٹ کے مدات کو جب میں دیکھتا ہوں تو مجھے سخت مایوسی ہوتی ہے حکومت کی اب بھی وہی پالیسی ہے جو پہلے تھی -

ایک اور چیز یہ کہ بجٹ میں پانچ سالہ پلان کا ذکر کیا گیا ہے ۔ اندازہ ہے کہ حیدرآباد میں پانچ سالہ پلان پر ۲۴ کروڑ روپیے صرف کئے جائینگے ۔ لیکن اس پلان میں ایک مد بھی ایسا نہیں ہے جس سے اچھوتوں کو کوئی فائدہ پہنچ سکے ۔ سوشیل سرویس کے نام سے البتہ کچھ رقم رکھی گئی ہے ۔ لیکن یہ بھی نہیں معلوم کہ وہ رقم اس غرض کے لئے صرف بھی کی جائیگی یا کسی اور غرض کے لئے اسکو استعمال کرلیا جائیگا ۔ نہ صرف پانچ سالہ منصوبہ میں اچھوتوں کا گلا گھونٹا گیا بلکہ مرہٹواڑی کو بھی نظر انداز کردیا گیا ۔ جیسا کہ شری انا جی راؤ گورانے نے کہا ہے کہ مرہٹواڑی کے علاقے میں قحط کے آثار نظر آرہے ہیں ۔ یہ وہ حالات ہیں جنہیں عارضی منصوبوں سے دور نہیں کیا جاسکتا بلکہ مستقل منصوبوں کی ضرورت ہے تاکہ وہاں کے مسائل بنیادی طور پر حل کئے جاسکیں اور وہاں کے عوام کو چین نصیب ہوسکے ۔

دوسری چیز میں آخر میں یہ عرض کرونگا کہ اگر حقیقت میں حکومت کا ارادہ اس سماج کو سدھارنے کا ہے تو اس کے لئے حکومت کو اپنی پالیسی میں تبدیلی کرنا سب سے پہلے ضروری ہے ۔ جب تک ایسا نہیں مجھے اندیشہ ہے کہ اس سماج کی حالت سدھر نہ سکے گی ۔

تیسری چیز میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ دیہاتوں میں گاؤٹھانداری کا جو طریقہ رائج ہے اسکو بند کرنا ضروری ہے ۔ گذشتہ سال کہا جا رہا تھا کہ پٹیل پٹواری سسٹم کو ابالش کیا جائیگا ۔ ہمیں امید تھی کہ اسکے ساتھ ساتھ گاؤٹھانداری کو بھی ختم کیا جائیگا ۔ لیکن جو وعدے کئے گئے ہیں انہیں عملی جامہ پہنانا حکومت کی پالیسی معلوم نہیں ہوتی ۔ گاؤٹھانداروں کی تعداد ایک لاکھ سے زیادہ ہے ۔ انہیں مفت کام کرنا پڑتا ہے ۔ روز ناچے لیجانا پڑتا ہے ۔ مرے ہوے جانوروں کے پست نکالنا پڑتا ہے۔ مرے ہوے انسانوں کو دفن کرنا پڑتا ہے ۔ ان سے ایسے کام لئے جاتے ہیں جن سے انہیں کوڑی کا فائدہ نہیں پہنچتا ۔ ہم نے یہ مطالبہ کیا تھا اور آنریبل فینانس منسٹر سے اپیل بھی کی گئی ہے کہ جس طرح دیگر ملازمین کو تنخواہیں دیجاتی ہیں اسی طرح گاؤٹھاندار کو بھی تنخواہیں دیجائیں ۔ آجکل تو انہیں کاشتکاروں نے بلوتہ دینا بھی بند کردیا ہے ۔ ایسی حالت میں انہیں بھوکے مرنے کی نوبت آگئی ہے ۔

آخر میں میں یہ کہونگا کہ مرہٹواڑہ میں پانی نہ ملنے کی وجہ سے بہت خراب سچویشن (Situation) پیدا ہوگیا ہے ۔ نہ صرف اورنگ آباد عثمان آباد اور بیڑ بلکہ پورے مرہٹواڑہ کے اضلاع پانی نہ ملنے کی وجہ سے متاثر ہیں ۔ اگر جلد سے جلد وہاں پانی کا انتظام نہ کیا جائے تو وہاں کے لوگ سخت تکلیف میں مبتلا ہوجائینگے اچھوت سماج پر تو چھوت چھات کی وجہ سے دوہری مصیبت ہے ۔ جن باؤلیوں میں پانی ہے وہاں سے بھی انہیں پانی نہیں لینے دیا جاتا ۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ ایک آرڈیننس کے ذریعہ عام اور خاص باؤلیوں پر اچھوت سماج کے لوگوں کو پانی بھرنے سے نہ روکنے کی ہدایت کردیجائے ۔ دوسرے سماج کے لوگوں کے لئے بھی پانی نہیں ہے ۔ ایسی صورت

میں بمبئی اسٹیٹ کی طرح یہاں بھی انتظام ہونا چاہئے اور موٹروں کے ذریعہ پانی سربراہ کرنے کا انتظام ہونا چاہئے ۔ گورنمنٹ اس کا انتظام کرے۔ ایسی صورت میں ہی یہ مسئلہ حل ہوسکتا ہے ۔

آخر میں میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں ہمارے لوگوں کے لئے بجٹ میں اس سال (۶۸۷۰۰۰) روپیے کا مد رکھا گیا ہے ۔ میں آنریبل فینانس منسٹر سے درخواست کرونگا کہ اس کو بڑھایا جائے اور کم از کم ایک کروڑ روپیے اس مد میں اضافہ کئے جائیں ۔ اس سے اس طبقہ کی بھلائی کا مقصد کسی حد تک پورا ہوسکتا ہے ۔ میں جانتا ہوں کہ آنریبل منسٹر فار فینانس ہمارے سماج سے زیادہ ہمدردی رکھتے ہیں ۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا بہت سے لوگ بجٹ تیار کرکے انکے پاس پیش کرتے ہیں ۔ اسلئے ممکن ہے کہ ان لوگوں نے اس طبقہ کی فلاح وبہبود کے لئے رقم رکھنے سے گریز کیا ہو ۔ میں فینانس منسٹر سے درخواست کرونگا کہ وہ اس رقم میں اضافہ کریں ۔ پولیس کے اخراجات میں ۴۰ - ۶۰ لاکھ روپئے کم کرکے اچھوتوں پر خرچ کئے جاسکتے ہیں ۔ جاگیر داروں کے معاوضہ (۱۶۵۰۰۰۰۰) میں سے کمی کی جاسکتی ہے ۔ راج پرمکھ کو جو (۵۰۰۰۰۰۰) کا مالیدہ دیا جاتا ہے اس میں کچھ رقم نکال کر ان (۴۲) لاکھ اچھوتوں پر صرف کیا جاسکتا ہے ۔ ان رقموں میں کمی کی جاکر بچت سے اچھوتوں کی بھلائی کے کاموں میں مدد لی جاسکتی ہے ۔ میں کہونگا کہ اچھوتوں کے مسائل پر گورنمنٹ اچھی طرح غور کرے اور لاپرواہی نہ برتے ۔

ہم یہاں اس لئے نہیں آئے ہیں کہ جو بات کہدی جائے اسی کے پیچھے چلتے رہے ۔ ہم اپنی قوم کے مسائل حل کرنے کے لئے یہاں آئے ہیں ۔ اگر یہاں ہمارے مسائل حل نہ کئے جائیں تو ہم یہاں اور باہر سے بھی حکومت پر کافی پریشر (Pressure) ڈالینگے اور مجبور کردینگے کہ وہ ہمارے مسائل حل کریں ۔ اگر اسکے باوجود حکومت کوئی اثر نہ لے تو جس طرح بابا صاحب امبیڈکر نے اپنے بھاشن میں کہا ہمیں اپنے مطالبات منوانے کے لئے اندولن کرنا پڑیگا ۔

گورنمنٹ کے سامنے ان خیالات کو رکھتے ہوئے میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

मिनिस्टर फॉर समाजसेवा श्री. शंकर देव : अेक ऑनरेबल मेंबर को कुछ गलत फहमी हो रही है। मैं अुनकी शंका निवारण करना चाहता हूं। अुन्होंने कहा कि अेक ऑनरेबल मिनिस्टर साहब राममंदिर मे जाना चाहते थे लेकिन वहां के अधिकारियोंने अुन्हे प्रतिबंध किया। मैं यहां यह स्पष्ट कर देना चाहता हूं की न कभी अुस मिनिस्टरने मंदिर मे जाने का प्रयत्न ही किया और न अुनपर कोअी प्रतिबंध हि लगाया गया। वह अैसी पत्थर की मूर्ति मे विश्वास नहीं रखते है तो जानेका और प्रतिबंध लगाने का कोअी सवाल ही नहीं अुठता।

شری مادھو راؤ نرلیکر - کیا اس سمبندھ میں کورٹ میں مقدمہ نہیں چلایا گیا ؟

श्री. शंकरदेव :—नही यह बिलकूल गलत है।

